تقدیر کے متعلق نہایت اہم تحقیق

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جب تقدیر میں سب کچھ لکھا ہے تو پھر کوشش کرنے کا کیافائدہ اورجب جتنا رزق ملے گا وہ تقدیر میں تحریر ہے تو اس کے بڑھانے کے لیے دعا کرنے کا کیا فائدہ اورجب آفت و بلا کا آنا تقدیر میں ہے تو اس کو دور کرنے کے لیے دعا کرنے کا کیا مقصد ہے، کیا دعا تقدیر کو بدل دیتی ہے؟

سائل:سلمان فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

جی ہاں: دعا تقدیر کو بدلتی ہے اور دعا سے بَلا رَدّ ہوتی ہے۔جیسا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں"**لَا يَرُدُّ القَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيدُ فِي العُمْرِ إِلَّا البِرُّ**"

تقدیر دعا کے سوا کسی چیز سے رد نہیں ہوتی اور سوا نیکی کے کوئی چیز عمر کو زیادہ نہیں کرتی۔

("سنن الترمذي"، كتاب القدر، باب ما جاء لا يرد القضاء إلا الدعاء، الحديث:2139)

مگر یہ رَدّ بلا اور تقدیر کو بدلنا بھی تقدیر کے مطابق ہے جس طرح ہر شی کا جود کسی نہ کسی سبب سے مَربُوط (ملا ہوا)ہے مثلاً بیج بوتا ہے تو درخت اگتا ہے اور چیز بناتا ہے تو بنتی ہے۔اسی طرح ہر چیز کے روکنے اور دفع کرنے کے لیے بھی ایک سبب مقرر ہے۔دوا کھاتا ہے تو علاج ہوتا اسی طرح دعا بھی بلاؤں کو روکنے اور تقدیر کے بدلنے کا ایک سبب ہے، جس طرح بیماری لگ جائے تو علاج کروانا تقدیر کے خلاف نہیں ہے تو اسی طرح بلاو آفت کو دور کرنے کے لیے دعا کرناتقدیر کے خلاف نہیں ۔اور تحقیق یہ ہے تقدیر کی دو قسمیں ہے:

(1):تقدیرِ مُبْرَم حقیقی : علمِ الٰہی میں کسی شے اور کسی سبب پر معلّق نہیں جو علم الٰہی میں ہے ویسا ہی ہونا ہے اس میں تبدیلی ممکن ہے اور نہ ہی اسے دعا یا کوئی نیکی بدل سکتی ہے۔اگر اللہ عزوجل پیارے بندے، انبیاء کرام وغیرہ اتفاقاً اس بارے میں کچھ عرض کرتے ہیں تو اُنھیں روک دیا جاتا ہے۔

(2):تقدیرِمُعَلَّق: وہ تقدیر جو کسی شی پر مُعَلَّق ہوتی ہے ۔ مثلاً:تقدیر میں لکھا ہے کہ زید کی عمر سا ٹھ 60 برس کی ہو گی اور اگر دعا کرے گا یا حج کرے گا تو اسی 80 برس زندہ رہے گا یعنی اس کی عمر کا بڑھنا دعا یا حج پر معلق ہے لہذا اگر وہ دعا یا حج کرے گا تو اس کی عمر بڑھ جائے گی یا تقدیر میں لکھا ہے اسے اتنا اتنا رزق ملے گا اگر دعا کرے گا تو اتنا بڑھ جائے گا تو دعا کرنے پر اس کےرزق کا بڑھنا بھی تقدیر کے موافق ہی ہوا۔

جیسا کہ والدگرامی اعلی حضرت مولانا نقی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ بعض اسباب سے عمر میں کمی زیادتی ہوتی ہے اور وہ بھی لوح محفوظ میں لکھی ہے۔ پس قضا میں تغیُّر(تبدیلی)قضا کے مطابق رَوَا ہے۔
(احسن الوعا لآداب الدعا ص244 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)
اور تقدیر معلق کی مزید دوقسمیں ہیں ۔
(1):مُعَلَّقْ مَحْض: جس کے معلق ہونے کا ذکر لوحِ محو واِثبات یا صُحُفِ ملائکہ میں بھی ہے یعنی صحف ملائکہ میں بھی یہ ظاہر کردیا گیا ہے کہ یہ تقدیر اس سبب پر معلق ہے اگر وہ شخص وہ سبب بجالائے تو یہ تقدیر بدل جائے گی تو عام اولیاء جن کو ایسی تقدیر کا اپنے علوم کےذریعے پتا چل جاتا ہے وہ ایسی تقدیر پر دعا کی ہمت فرماتے ہیں کیونکہ انہیں بوجہ تعلیق اس بات کا علم ہوتا ہے یہ تقدیر ٹلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔
(2):مُعَلَّقْ شَبِیْہ بِالْمُبْرَم :وہ تقدیر جو اللہ عزوجل کے علم میں تو کسی نہ کسی شئ پر مُعَلَّقْ ہے مگر لوحِ محو واِثبات ودفاترِ ملائکہ میں اس کی تعلیق ظاہر نہیں کی گئی ، ایسی تقدیر اَن ملائکہ اور عام اولیاء کے علم میں مُبْرَم ہوتی ہے، مگر خواص اولیا ء کرام جنہیں امتیازِ خاص ہے، بِالہامِ ربانی اس تقدیر کے معلق ہونے پر مُطَّلِعْ ہوتے ہیں اس تقدیر کو ٹالنے اور بدلنے میں دعا کی اجازت پاتے ہیں جس سے وہ ٹل جاتی ہے یا عام مؤمنین جنہیں اَلواح وصحائف پر اطلاع نہیں حسب عادت دعا کرتے ہیں اور معلق ہونے کی وجہ سے وہ تقدیر بدل جاتی ہے کیونکہ وہ اصلا معلق ہی تھی مگر عام اولیا ء کی اس تک رسائی نہ تھی لہذا یہ وہ تقدیرِ مُبْرَم ہے جوٹل سکتی ہے۔
جیسا کہ حدیث میں آیا کہ "أكثر من الدعاء فإنّ الدعاء يردّ القضاء المبرم"دعا بکثرت مانگ کہ دعا قضائے مُبْرَم کو رد کر دیتی ہے۔
(كنز العمال"، كتاب الأذكار، الباب الثامن في الدعاء، الحديث:٣١١٧، ج١، ص٢٨)
لہذا بلاو آفت کو دور کرنے یا رزق کے بڑھنے یا کسی مرادکو حاصل کرنے کی دعا ضرور کی جائے کہ ہو سکتا ہے کہ حصولِ مدعا یا بیماری و بلا سے نجات اسی دعا پر معلق ہو کہ دعا کی جائے اور بیماری وبلا جاتی رہے۔جیسا کہ والدگرامی اعلی حضرت مولانا نقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ۔دعا خلافِ رضا نہیں، ہو سکتا ہے کہ حصولِ مدعا یا نَجات اَز بَلا دعا پر مقدر ہو۔
(احسن الوعا لآداب الدعا ص249 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)
واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

AN IMPORTANT RESEARCH REGARDING PREDESTINATION

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the noble Shari'ah say regarding the following matter; if everything has been predestined, then what's the use of struggling? What's the use of supplicating for increase in sustenance when it has already been decreed how much sustenance a person shall receive? What's the purpose of supplicating for the aversion of a calamity when it has already been decreed? Does supplication change predestination?

Questioner: Salman from the UK

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

Yes, supplication changes preordainment. Calamities are averted due to supplication. The Messenger of Allah ﷺ stated:

لَا يَرُدُّ القَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيدُ فِي العُمْرِ إِلَّا البِرُّ

Translation: "Nothing averts decree except supplication, and nothing increases life-span except righteousness." [Sunan al-Tirmidhi, hadith no. 2139]

However, this aversion of calamities and changing of decree is also according to decree. The existence of anything involves some or the other cause. For instance, when the seed is sown, the tree grows; and when something is prepared it gets prepared. Similarly, to avert or stop something, a cause is fixed. When medicine is consumed, treatment is caused. Likewise, supplication is a cause for stopping calamities and changing decree. Taking remedies when afflicted with a disease is not against predestination. Similarly, supplicating in order to avert a calamity is also not against predestination.

According to research, there are two types of decrees:

Taqdir mubram haqiqi: No thing or cause is pending in the knowledge of Allah ﷻ. That which is in His knowledge is bound to happen. Change in it is not possible. It cannot be changed by supplication or good deeds. If the beloved servants of Allah ﷻ, i.e. the Prophets, etc., incidentally say something regarding this, they are stopped.

Taqdir mu'allaq: The decree which is pending on something. For instance, it is written in the decree that the life-span of a person X will be 60 years, and if he supplicates or performs Hajj, he will live for 80 years. Meaning, the increase in his life-span is pending on supplication or the performing of Hajj. Thus, if he supplicates or performs Hajj, his life-span will increase. Likewise, if it is written in the decree that he will get a certain amount of sustenance, and if he supplicates, it will increase to a certain amount. Thus, the increase in his sustenance upon supplicating is in accordance with predestination.

Imam Naqi 'Ali Khan al-Baraylwi (may Allah have mercy upon him) states: "Life-span of a person increases or decreases due to certain reasons and this is written in *al-Lawh al-Mahfuz* (The Preserved Tablet). Thus, change in *qada'* (decree) is in accordance with *qada'*. [Ahsan al-Wi'a li Adab al-Du'a, pg. 244]

Taqdir mu'allaq is further divided into two categories:

Mu'allaq mahad: The pending nature of which is mentioned in the Tablet of Negation and Affirmation or in the scriptures of the angels. It has also been made evident in the scriptures of the angels that so-and-so decree is pending on so-and-so cause. If the person performs the cause, the decree will take place. The generality of the *awliya'* (Friends of Allah ﷻ) who come to know about such decrees through their knowledge can also overcome it through supplication. They have knowledge that due to its pending nature, the decree has ability to get averted.

Mu'allaq shabih bi al-mubram: The decree which in the knowledge of Allah ﷻ is pending on some cause but the reason for its pending nature is not made evident in the Tablet of Negation and Affirmation or the scriptures of the angels. Such decree is *mubram* according to the knowledge of these angels and the generality of the *awliya'*. However, the elite among the ***awliya'***, who have a special status, are informed regarding the pending nature of such decrees. They have permission to supplicate in order to change or avert such decrees. Also, when general believers, who are not informed regarding matters of the Tablet or the scriptures (of the angels), customarily supplicate, the decree changes as it is originally of pending nature. The generality of the *awliya'* do not have access into this matter. Thus, this is a type of *taqdir mubram* which can be averted. It is stated in a hadith:

أكثر من الدعاء فإنّ الدعاء يردّ القضاء المبرم

Translation: "Supplicate excessively as supplication averts irrevocable decree." [Kanz al-'Ummal, hadith no. 3117]

Therefore, one must definitely supplicate to avert a calamity, increase sustenance, or achieve something, as it may be that the aversion of a disease or calamity, or the achievement of something, is pending on this supplication. Thus, when supplication is made, the disease or calamity gets averted.

Imam Naqi ‘Ali Khan al-Baraylwi (may Allah have mercy upon him) states: “Supplication is not against (Divine) contentment. It may be that the achievement of something or the aversion of a calamity, is decreed (to be pending) on this supplication.” [Ahsan al-Wi’a li Adab al-Du’a, pg. 249]

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by the SeekersPath Team